© rasailojaraid.com



مطالعہ کی میز پر

# تبصرہ کتب

محمد رمضان یوسف سلفی

نام کتاب: سیرت اصحاب عشرہ مُبشرہ رضی اللہ عنہم

مصنف: عبدالرشید عراقی صفحات: 824

قیمت: 400روپے

ناشر/ ملنے کا پتہ: علم وعرفان پبلشرز34-اُردو بازار لاہور۔فون042-7232336

صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اُمت مسلمہ کی وہ پاکباز ہستیاں تھیں کہ جنہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرہ پُر انور کی زیارتیں کیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دست مبارک پر اسلام لائے اور آپ کی خدمت اقدس میں رہ کر اسلامی تعلیم وتربیت حاصل کی۔

ان صحابہ کرام کی جماعت میں ''اصحاب عشرہ مُبشرہ'' وہ نفوس قدسیہ تھے کہ جنہیں نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس دنیا میں ہی جنت کی بشارتیں دی اور وہ عشرہ مُبشرہ'' کے نام سے موسوم ہوئے۔ ان خوش نصیب صحابہ کرام میں حضرت ابوبکر صدیق' حضرت عمر فاروق' حضرت عثمان غنی' حضرت علی' حضرت طلحہ بن عبیداللہ' حضرت زبیر بن عوام' حضرت عبدالرحمان بن عوف' حضرت سعد بن ابی وقاص' حضرت سعید بن زید' حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہم شامل ہیں۔

''سیرت اصحاب عشرہ مُبشرہ رضی اللہ عنہم'' انہی نیک طینت اور اُمت کے عظیم المرتبت نفوسِ قدسیہ کے حالات وواقعات' ان کے ورع وعفاف' زہد وتقویٰ' اسلامی خدمات اور مجاہدانہ سرگرمیوں سے مزین ایک دلآویز' ایمان افروز اور دلچسپ کتاب ہے۔ کتاب کے لائق مصنف محترم ملک عبدالرشید عراقی صاحب نے پوری محنت' مطالعہ اور اسلامی وتاریخی کتب سے ان ''اصحاب عشرہ مُبشرہ'' سے تعلق معلومات کو جمع کر دیا ہے اور کسی پہلو کو بھی تشنہ نہیں چھوڑا۔ اس لحاظ سے یہ ایک انسائیکلو پیڈیا اور تاریخی ومعلوماتی دستاویز بن گئی ہے۔



© rasailojaraid.com